07/04/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے -

خبروں کا بلٹن لیکر میں عارف حسین

وزیر اعلی

کے تحت SRO-43 اسسٹنس اسکیم اور Rehabilitation وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں میں جموں صوبے سے تعلق رکھنے والے 124امید واروں میں تعیناتی کے آڈر تقسیم کئے - انہوں نے تعینات کئے گئے افراد پر زور دیا کہ وہ تن دہی اور لگن کے ساتھ کام کرکے عوامی خدمت کو اپنا شعار بنائیں۔

اس موقعے پروزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی اور کئی دیگر افسران بھی موجود تھے۔

سکینہ

صحت و طبی تعلیم کی وزیر، سکینہ ایتو نے کولگام اور شوپیاں اضلاع کے کچھ علاقوں میں ژالہ باری سے میوہ باغات کو ہوئے نقصانات پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔

ژالہ باری کی اطلاعات موصول ہونے کے بعد، وزیر نے ضلعی انتظامیہ کے ساتھ رابطہ کیا اور نقصانات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنرکولگام کو ہدایت دی کہ وہ فوری طور پر زمینی سطح پر نقصانات کا تخمینہ لگائیں اور متاثرہ باغبانوں اور کسانوں کو بروقت معاوضہ فراہم کرنے کو یقینی بنائیں۔

رانا منڈھیر

جنگلات و ماحولیات کے وزیر جاوید احمد رانانے پونچھ ضلع کے مینڈھر تحصیل دیہات میں سال 2025کے دوران قدرتی آفات سے متاثر ہوئے Surhoti اورKalaban,Sangiotکے کنبوں کے حق میں زمین کی فراہمی کے عمل کا جائزہ لیا۔انہوں نے اس کام میں سرعت لانے کی ہدایت دی تاکہ متاثرین کی راحت رسانی کو یقینی بنایاجا سکے ۔

اندرابی

جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سیددرخشاں اندرابی نے سرینگر کے تاریخی عید گاہ میں ایک پودا لگا کر بورڈ کی جامع شجر کاری مہم کا آغاز کیا۔انہوننے کہا کہ ماحولیات کوآلودگی سے بچانا ہر شہری کی ذمہ داری ہے۔ڈاکٹر اندرابی نے لوگوں سے تاکید کی کہ وہ اس مہم کو کامیاب بنانے میں اپنا کردار ادا کریں ۔

راتھر

جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے اسپیکر عبدالرحیم راتھر نے حال ہی میں اختتام پذیر ہوئے اسمبلی کے بجٹ اجلاس کی تمام 22 نشستوں کی صدارت کرکے قانون سازیہ کی کارروائیوں کی تاریخ میں ایک ریکارڈ قائم کیاہے۔

اسپیکر نے سیشن کے 110 گھنٹوں اور 36 منٹ میں سے 102 گھنٹے اور 35منٹ کی ڈپٹی اسپیکر کی غیر موجودگی میں یہ کارنامہ ایک ریکارڈ ذاتی طور پر اجلاس کی صدارت کی۔ کے طور پر قائم ہوا ہے اور قانون ساز تاریخ میں اپنی نوعیت کی پہلی مثال ہے۔

سوہن لال

کشمیر کی ثقافتی اور ادبی دنیا میں ایک اہم پیش رفت کے طور ”دی کشمیری ایجوکیشن، کلچر اینڈ سائنس سوسائٹی “نے اپنا قائم کردہ نیا ” پروفیسر ہری کرشن کول ایوارڈ“ ممتاز ناول نگار اور ڈارمہ نویس ڈاکٹر سوہن لال کول کو عطا کیا ہے۔

یہ ایوارڈ انہیں لل دید آڈیٹوریم گریٹر کیلاش نئی دلی میں منعقد ہ ایک تقریب کے دوران دیا گیا۔

اس بارے میں ڈاکٹر سوہن لال کول نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

دورہ

ڈائریکٹوریٹ آف فلوریکلچر کشمیر اور گورنمنٹ میڈیکل کالج سری نگرکے مشترکہ اہتمام سے کالج سے منسلک ہسپتالوں کے مریضوں کے لیے اندرا گاندھی میموریل ٹیولپ

دورہ منعقد کیا گیا۔ جس کا مقصد ذہنی صحت کو فروغ دینا، therapeutic گارڈن، سری نگر کا سماجی میل جول بڑھانا اور پ

رسکون قدرتی ماحول میں تازگی بخش تجربہ فراہم کرنا تھا۔±

یہ دورہ ڈائریکٹر فلوریکلچر کشمیر کی پہل پر منعقد کیا گیا۔پروگرام میں اہم تکنیکی پہلوو

ں کو شامل کیا گیا، جن میں دورے سے قبل طبی جانچ، طبی ٹیموں کی تعیناتی اور ہنگامی طبی ۂ امداد کے لیے تیاری شامل تھی۔

مہم

موٹر وہیکل ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے کل کشمیر صوبے کے سبھی اضلاع میں ایک جامع مہم چلائی گئی جس کا مقصد ٹریفک قوانین کی پاسداری کو یقینی بنانا تھا ۔جموں کشمیر کے کشمیر کی سربراہی میں چلائی گئی اس مہم کے دوران RTO ٹرانسپورٹ کمشنر کی نگرانی اور ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے 822افراد کا چالان کیا گیا ، جبکہ124گاڑیاں بلیک لسٹ کی گئیں اور196ڈرائیونگ لائسنز معطل کرنے کی سفارش کی گئی۔ اس موقعے پر 18لاکھ56ہزار روپے کی رقم بطور جرمانہ وصول کی گئی۔

دن

آج صحت سے متعلق عالمی دن ہے ۔ اس دن کا مقصد بنی نوع انسان کے علاوہ حیوانات اور نباتات کی اچھی صحت کی اہمیت کے بارے میں بیداری پیدا کرنا ہے۔ اس سلسلے میناس سال کا موضوع "Togather for Health- Stand with Science"۔مقررکیا گیا ہے

شاہراہ

جموں سرینگر قومی شاہراہ پر آج دونوں اطراف سے گاڑیوں کو چلنے کی اجازت ہوگی۔ہمارے نمائندے نے اطلاع دی ہے کہ شاہراہ پر موسم ابر آلود ہونے کے باوجود گاڑیونکو آمدو رفت کی اجازت دی گئی ہے تاہم سفر کرنے والوں سے کہاگیا ہے کہ وہ سفر کی شروعات سے قبل ٹریفک کنڑول یونٹ سے رابطہ کرکے شاہراہ کے بارے میں تازہ ترین معلومات حاصل کریں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت7 اعشاریہ 9 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت18 اعشاریہ 7 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ